© rasailojaraid.com



ماہنامہ **عفت** (تعلق باللہ نمبر)، مدیرہ: سلمٰی یاسمین نجمی۔ پتا: ۲۶۷-اسٹیٹ لائف بلڈنگ، صدر روڈ، راولپنڈی صدر۔ فون: ۰۳۴۶-۸۵۵۶۶۵۲۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ زرسالانہ: ۴۰۰ روپے۔

تعلّق باللہ پر یہ اپنی ہی نوعیت کی ایک پیش کش ہے، جس میں اس موضوع کے مختلف پہلو: اللہ کی شانِ ربوبیت، اس کی مخلوق سے محبت اور تعلّق، ہماری اپنے خالق سے محبت کے تقاضے، اس کی ذات، اس کی صفات اور اس کے اختیارات اس طرح سامنے لائے گئے ہیں کہ قاری ایک کیفیت میں پڑھتا، اثر قبول کرتا اور اپنے اللہ سے قرب محسوس کرتا ہے۔ یہ آیات و احادیث یا احکام کو براہِ راست پیش کرنے کے بجائے باتوں ہی باتوں میں، کہانیوں اور افسانوں کے ذریعے ادب کی چاشنی کے ساتھ، عملی زندگی کے ہر سرد و گرم میں تعلّق باللہ کی آبیاری کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی بہترین حمدیہ کلام میں اللہ سے تعلّق کا بہترین اظہار ہے۔ حکیم محمد عبداللہ نے اپنی رحلت سے ایک روز قبل جو حمد لکھی اس کے دو اشعار ہیں:

میرے دل کی ہے یہی آرزو تیری راہ میں میرا بہے لہو
نہ یہ زخم ہو میرا رفو تیرے دَر پر پہنچوں میں سرخ رو

بیش تر تحریریں خواتین نے لکھی ہیں۔ (مسلم سجاد)

## تعارف کتب

◉ **پاکستان اور رُوہنگیا مسلمان**، تالیف: مولانا محمد صدیق ارکانی۔ ناشر: جمعیت خالد بن ولید الخیریہ، ارکان، برما۔ فون: ۰۳۲۱-۸۲۳۶۵۰۰۔ صفحات: ۶۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [رُوہنگیا (ارکانی) مسلمانوں پر میانمار (برما) میں ڈھائے جانے والے مظالم نے انسانی ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ مؤلف نے ارکان اور برما کے متعلق بنیادی معلومات، جدوجہد کے مراحل کے ساتھ ساتھ حالیہ مظالم کے خلاف پاکستان میں طبع شدہ مضامین اور بیانات کو یک جا کر دیا ہے۔ اس طرح سے ارکان کے مسئلے سے آگہی کے لیے مفید معلومات یک جا ہوگئی ہیں۔]

◉ **ماں کی مامتا**، حافظ محمد ادریس۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۵۲۵۲۴۷۵۔ صفحات: ۴۰۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [قرآنی قصص میں بنی اسرائیل کا مفصل تذکرہ آتا ہے۔ حافظ محمد ادریس صاحب نے ماں کی مامتا کے عنوان سے بچوں کی تربیت کے لیے اس قصے کو دل چسپ انداز میں پیش کیا ہے۔ مختلف عنوانات کے تحت جہاں بنی اسرائیل کی نافرمانیوں اور ہٹ دھرمیوں کا تذکرہ ہے وہاں مسلمانوں کے لیے عبرت اور سبق بھی ہے۔ مسلم ہیرو مہدی سوڈانی کے کردار اور جس طرح اس نے انگریزوں کا مقابلہ کیا اس کا الگ تذکرہ ہے۔ ہر کہانی کے آخر میں اہم نکات ذہن نشین کرنے کے لیے مشقی سوالات بھی دیے گئے ہیں۔]

© rasailojaraid.com